کنڈرگارٹن داخلہ درخواست کھُل گئی ہے!

عزیز اہلِ خانہ،

کنڈرگارٹن درخواست کھل گئی ہے! اگر آپ نیویارک شہر میں رہتے ہیں اور آپ کے بچے کی پیدائش 2021 میں ہوئی ہے، تو آپ کنڈرگارٹن کے لیے **23 جنوری، 2026** کی آخری تاریخ تک درخواست دے سکتے ہیں!

براہِ کرم نوٹ کریں کہ کنڈرگارٹن میں داخلہ پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہوتا: جلد درخواست دینے کا کوئی فائدہ نہیں، اور آخری تاریخ تک موصول ہونے والی تمام درخواستوں کو داخلے کی ترجیحات کی بنیاد پر یکساں طور پر دیکھا جاتا ہے۔

آپ تین میں سے کسی ایک طریقے سے درخواست دے سکتے ہیں:

- **آن لائن** MySchools.nyc پر — تجویز کردہ!
  - **پہلے سے اکاؤنٹ موجود ہے؟** نیا اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت نہیں، آپ موجودہ اکاؤنٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ڈیش بورڈ پر اپنے بچے کا نام نظر نہیں آ رہا، تو آپ "ایک بچے کا اضافہ کریں" منتخب کر کے اُنہیں شامل کر سکتے ہیں۔
  - **اکاؤنٹ نہیں ہے؟** آج ہی اپنا اکاونٹ بنائیں۔ آپ مائی اسکولز (MySchools) کا استعمال ایلیمنٹری اسکول تلاش کرنے، کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دینے، اور اپنے بچے کا پیشکش خط حاصل کرنے کے لیے کریں گے۔ ان وڈیو ٹیوٹوریئلز کو یہ جاننے کے لیے ملاحظہ کریں کہ اپنا مائی اسکولز اکاؤنٹ کیسے بنایا جائے اور درخواست کیسے دی جائے۔
- **بذریعہ فون 718-935-2009۔** ہمیں پیر سے جمعہ صبح 8 سے شام 6 بجے تک کال کریں۔
- **کسی خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کریں۔** کیسے کرنا ہے جاننے کے لیے schools.nyc.gov/FWC پر جائیں۔

درخواست دینے کے ہر طریقے کے ساتھ ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں۔

یاد دہانی کے طور پر، آپ اس درخواست کا استعمال کنڈرگارٹن کے تمام اقسام کے پروگراموں کے لیے کر سکتے ہیں، جن میں کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن قابل و ہنرمند (G&T)، دو لسانی پروگرام، اور ضلع 24 کے STEM پروگرام شامل ہیں۔ آپ جتنے انتخابات میں شامل ہونے میں دلچسپی رکھتے ہیں درج کر سکتے ہیں، جس میں آپ کے زون یا ضلع سے باہر کے اسکول بھی شامل ہیں۔ زون کے طلباء کو اپنے زون کے اسکول میں داخلے کی سب سے زیادہ ترجیح حاصل ہوتی ہے۔

اگر پروگرام اسی اسکول میں واقع ہوں تب بھی ان پروگراموں کو حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کرنا یقینی بنائیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ دیگر کنڈرگارٹن پروگرام (پروگراموں) کے مقابلے میں کسی اسکول میں قابل و ہنرمند (G&T) پروگرام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، تو اسے اس درخواست میں اوپر درج کریں۔ آپ درخواست میں انتخاب کسی بھی ترتیب سے درج کریں، بچے کی داخلہ ترجیح میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

اپنے دلچسپی کے اسکولوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اوپن ہاؤس یا اسکول کا دورہ کریں۔ چند اسکول اوپن ہاؤس اور دورے کی تاریخوں کو مائی اسکول کے تقریبات کلینڈر پر شائع کریں گے۔ آپ کسی اسکول کی ویب سائٹ پر بھی جا سکتے ہیں یا مزید معلومات کے لئے ان سے براہِ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔

مزید جاننا چاہتے ہیں؟ ایلیمنٹری داخلوں کے بارے میں ہماری ورچوئل معلوماتی اجلاسوں میں شرکت کریں۔ تاریخوں اور تفصیلات کے لیے، ہماری ایلیمنٹری اسکول کی تقریبات کی ویب سائٹ پر جائیں۔ آنے والے ہفتوں میں، ہم تازہ ترین معلومات اور یاد دہانیوں کا ایک سلسلہ بھیجیں گے۔

سوالات؟ ہمیں 718-935-2009 پر فون یا ESEnrollment@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

نیک تمنائیں،

ایلیمنٹری داخلے ٹیم

کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہمارے کنڈرگارٹن داخلوں کی ای میل فہرست کے لیے یہاں سائن اپ کرنا یقینی بنائیں schools.nyc.gov/SignUp

اگر آپ ہماری کسی بھی یا تمام ای میل فہرستوں کی جانب سے **مزید ای میلز موصول نہیں کرنا چاہتے** تو براہِ کرم خارج ہونے (اَن سبسکرائب کرنے) کے لیے یہاں کلک کریں۔